**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

**کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل**

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ____________

درجہ: عالیہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: مقارنۃ الأدیان

تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط اُمیدوار: ____________

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: تالمود ---مذہب کی کتاب ہے۔

(الف) یہودی (ب) عیسائی (ج) سکھ (د) زرتشت

سوال نمبر 2: عید الفصح ---مذہب کا تہوار ہے۔

(الف) سکھ (ب) عیسائی (ج) یہودی (د) زرتشت

سوال نمبر 3: یوم سکوت ---تک رہتا ہے۔

(الف) ایک ہفتہ (ب) دو ہفتے (ج) تین ہفتے (د) چار ہفتے

سوال نمبر 4: فریسی Pharisee ---مذہب کا فرقہ ہے۔

(الف) عیسائی (ب) یہودی (ج) بدھ مت (د) ہندوازم

سوال نمبر 5: ریفارمسٹ Reformist کی تحریک--- صدی میں شروع ہوئی۔

(الف) 16ویں (ب) 17ویں (ج) 18ویں (د) 20ویں

سوال نمبر 6: عقیدہ تثلیث ---مذہب کا عقیدہ ہے۔

(الف) یہودی (ب) عیسائی (ج) سکھ (د) زرتشت

سوال نمبر 7: ---عیسائیوں کے ہاں بہت زیادہ مختلف فیہ ہے۔

(الف) انجیل متی (ب) انجیل لوقا (ج) انجیل یوحنا (د) انجیل مرقس

سوال نمبر 8: بپتسمہ کا لغوی معنی ---ہے۔

(الف) پانی سے دھونا (ب) دودھ سے دھونا (ج) رنگ ملے پانی سے دھونا (د) ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا

سوال نمبر 9: ایسٹر کا مطلب ہے۔

(الف) خزاں کی دیوی (ب) سرما کی دیوی (ج) بہار کی دیوی (د) گرما کی دیوی

سوال نمبر 10: کرسمس ---کو منایا جاتا ہے۔

(الف) 25 ستمبر (ب) 25 اکتوبر (ج) 25 دسمبر (د) 25 نومبر

سوال نمبر 11: مرقس کا استاد تھا۔

(الف) متی (ب) پطرس (ج) لوقا (د) یوحنا

سوال نمبر 12: اناجیل اربعہ میں--- نہیں آتی۔

(الف) انجیل لوقا (ب) انجیل یوحنا (ج) انجیل برناباس (د) انجیل متی

سوال نمبر13: کیتھولک۔۔۔ مذہب کا فرقہ ہے۔
(الف) یہودی (ب) عیسائی (ج) سکھ (د) بدھ مت

سوال نمبر14: مذہب کے بنیادی عناصر ہیں۔
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر15: آپ ﷺ کے شہزادوں کی تعداد ہے۔
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر16: ابو حفص۔۔۔ کی کنیت ہے۔
(الف) حضرت عمر (ب) حضرت ابو بکر صدیق (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر17: مسئلہ ختم نبوت۔۔۔ آیات قرآنی سے ثابت ہے۔
(الف) 100 (ب) 200 (ج) 300 (د) 250

سوال نمبر18: اسلامی تعلیمات میں اخلاقی احکام کو۔۔۔ مقام حاصل ہے۔
(الف) اعلیٰ (ب) عمدہ (ج) جداگانہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: خارجی فرقے کا ظہور۔۔۔ کے دور میں ہوا۔
(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت عثمان و علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر20: حقوق و فرائض اور معاملات زندگی کے وسیع احکام۔۔۔ سورتوں میں بیان ہوئے ہیں۔
(الف) مکی (ب) مدنی (ج) مکی و مدنی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: سلطنت عثمانیہ کا دور ہے۔
(الف) 1299ء-1922ء (ب) 1200ء-1900ء (ج) 1300ء-1900ء (د) 1400ء-1900ء

سوال نمبر22: یعقوب ابن اسحاق کندی تھا۔
(الف) ماہر کیمیا (ب) ماہر فلکیات (ج) ماہر نباتات (د) ماہر طب

سوال نمبر23: عمر خیام تھا۔
(الف) ماہر طب (ب) ماہر ریاضی (ج) ماہر نباتات (د) ماہر کیمیا

سوال نمبر24: اسلام کے مشہور فرقے ہیں۔
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر25: حصول علم دین ہر مسلمان پر اس کی۔۔۔ کے اعتبار سے فرض کیا گیا ہے۔
(الف) کیفیت (ب) حیثیت (ج) مالیت (د) ان میں سے کوئی نہیں



CamScanner

## سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: مقارنۃ الأدیان

تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

جوابی کاپی نمبر: ____________

### حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مذہبِ عیسائیت کیا ہے؟

سوال نمبر 2: رسم حق کس مذہب کی رسم ہے اور یہ کیسے ادا ہوتی ہے؟

سوال نمبر 3: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کون سے مذاہب ابو الانبیاء مانتے ہیں؟

سوال نمبر 4: حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کون تھے؟ اور ان دونوں کی والدہ کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: کرہ اپو تھو کی رسم کیا ہے؟

سوال نمبر 6: یوگ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: جین مت میں اطمینان قلبی اور نروان حاصل کرنے کے کتنے اور کون کون سے طریقے ہیں؟ صرف نام لکھئے۔

سوال نمبر 8: جین مت کی مشہور کتابوں کے نام لکھئے۔

سوال نمبر 9: عیسائیت کے تمام فرقوں کی مشترکہ عبادت کیا ہے؟

سوال نمبر 10: صابئہ مذہب کے کتنے اور کون کون سے فرقے ہیں؟

سوال نمبر 11: ہندو مذہب میں انسان کو کتنی ذاتوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ ہر ایک کا فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: آریائی مذاہب سے کیا مراد ہیں؟

سوال نمبر 13: جنتی فرقے کی ایک نشانی سوادِ اعظم بھی ہے۔ اس کے متعلق فرمان مصطفیٰ ﷺ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: بچے کی پیدائش کے بعد اسلام میں ہونے والی چند رسمیں ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 15: یوم عاشورا کس دن کو کہتے ہیں؟ اور اس دن کی شہرت کا سبب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: تیفیلاہ (*Tefillah*) کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 17: عشائے ربانی کا طریقہ کار بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: ہندو دھرم کے 4 ویدوں کے نام لکھئے۔

سوال نمبر 19: خدائے خیر اور خدائے شر کا تصور کس مذہب میں ہے؟

سوال نمبر 20: تحریک استشراق کا آغاز کس صدی میں اور کس پادری سے ہوا؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: بدھ مت میں کامیابی کے 8 اصول کون سے ہیں؟ نام اور مختصر وضاحت لکھئے۔

سوال نمبر 2: سکھوں کے عقیدہ حلول اور اتحاد کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: مستشرقین کے حدیث اور سیرت النبی سے متعلق اقتصادی اور معاشی اہداف پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فرقہ واریت کی مذمت پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: عقیدہ ختم نبوت کو کم از کم دو آیات اور دو احادیث سے بیان کیجئے۔



CamScanner

# 2025

## مختصر سوالات:

(1)

رہبانیت وہ نظریہ ہے جس کے مطابق انسانی جسم شر کا منبع اور روح پاک و مقدس ہے اس نظریے کی رو سے انسان اپنی جسمانی ضروریات اور خواہشات کو زیادہ سے زیادہ کچل کر روح کے اعلیٰ مراتب طے کر سکتا ہے اس کا تصور عیسائیت کے علاوہ ہندومت اور بدھ مت میں بھی پایا جاتا ہے

(2)

ہندو عقیدے کے مطابق شوہر کے مرنے کے بعد بیوہ کا اپنے شوہر کی چتا میں جل کر مرنا رسم ستی کہلاتا ہے جو ہندو مردے کو دفن کرتے ہیں ان کے ہاں ایک بیوہ کو بھی زندہ دفن کر کے رسم ستی ادا کی جاتی ہے

(3)

حضرت ابراہیم کو تین بڑے مذاہب اسلام عیسائیت اور یہودیت ابوالانبیاء مانتے ہیں

(4)

حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے ہیں حضرت اسماعیل کی والدہ کا نام بی بی ہاجرہ ہے اور حضرت اسحاق کی والدہ کا نام بی بی سارہ عرف رقیہ ہے

(5)

ہندو عورتیں اپنے شوہر کی لمبی عمر کے لیے کروا چوتھ کا روزہ رکھتی ہیں یہ دن اگست کے مہینے پورے چاند کے تیسرے دن منایا جاتا ہے ہندو مذہب کے مطابق

CamScanner

اس روز شیواجی (108) برس کے بعد پاروتی سے ملے تھے لہذا یہ
دن شوہر اور بیوی کے ملن کا دن سمجھا جاتا ہے

(6)

ہندو مذہب میں شادی کے علاوہ ایک اور بھی جائز عقد پایا جاتا ہے
جسے نیوگ کہتے ہیں اس میں اگر شوہر اولاد پیدا کرنے کے قابل
نہ ہو تو بیوی شوہر کی موجودگی میں کسی دوسرے مرد سے اولاد
کے لیے نکاح کیا جاتا ہے اور اس سے پیدا ہونے والی اولاد اصلی شوہر کی سمجھی جاتی ہے

(7)

جین مت میں نروان حاصل کرنے کے دو طریقے بیان کیے جاتے
ہیں (1) ایجابی طریقہ (2) سلبی طریقہ

(8)

جین مت کا لٹریچر بارہ (12) کتابوں پر مشہور ہے جن
میں چار (4) مشہور ہیں (i) آنگس / آنگا
(ii) میولہ (iii) سوترا (iv) دیانگا

(9)

(i) اتوار کے دن چرچ میں جمع ہونا
(ii) بائبل کی تلاوت
(iii) بپتسمہ اور خطبہ

(10)

صابئہ کے مشہور اور قدیم فرقے درج ذیل ہیں
(1) اصحاب الروحانیات (2) اصحاب الھیاکل
(3) اصحاب الاشخاص (4) الحلولیہ

(11)

ہندو مذہب میں ذاتوں کو چار (4) پر تقسیم کیا گیا ہے
(i) برہمن (ii) کھشتری (iii) ویش (iv) شودر

(12)

اس سے مراد وہ مذاہب ہیں جن کی تشکیل آریائی قوم کے ذریعے ہوئی ان میں ہندومت، جین مت، زرتشت، سکھ مت، پارسی اور دیگر مذاہب شامل ہیں بدھ مت کا بارے میں اختلاف ہے

(13)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان امتی لا تجتمع علی ضلالۃ فاذا رأیتم اختلافا فعلیکم بالسواد الأعظم

ترجمہ: میری امت گمراہی پر اکھٹی نہیں ہو سکتی جب تم ان میں اختلاف دیکھو تو بڑے گروہ کی پیروی کرو

(14)

(1) جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کے کان میں اذان و اقامت کہی جاتی ہے

(2) پیدائش کے ساتویں دن سر منڈوایا جاتا ہے اور بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کی جاتی ہے

(3) عقیقہ کیا جاتا ہے

(4) ختنہ کیا جاتا ہے لڑکے کا

(15)

دس محرم الحرام کو یوم عاشورہ کہا جاتا ہے اور اس دن کی بہت فضیلت بیان کی گئی ہے اس دن حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے رفقاء کو کربلا کے میدان میں شہید کیا گیا تھا

(16)

روزانہ کی جانے والی یہودی عبادت کو ٹیفیلاہ کہا جاتا ہے۔ یہودی دن میں تین مرتبہ نماز ادا کرتے ہیں پہلی نماز کو شاخریت دوسری کو منحا اور تیسری کو آروت اور معاریو کہا جاتا ہے

(17)

عشائے ربانی کا طریقہ کار یہ ہے کہ سب لوگ اتوار کا دن
کلیساؤں میں حاضری دیتے ہیں اور ایک دوسرے کا بوسہ لے کر
مبارک باد دیتے ہیں اس کے بعد روٹی اور شراب لائی جاتی ہے
پھر پادری دعا کرتا ہے اور حاضرین آمین کہتے ہیں

(18)

ہندو مذہب کے چار ویدوں کے نام درج ذیل ہیں
(۱) رگ وید (۲) سام وید (۳) یجر وید (۴) اتھر وید

(19)

خدائے خیر اور شر کا تصور زرتشت مذہب
میں پایا جاتا ہے

(20)

تحریک استشراق کا آغاز ساتویں صدی عیسوی
میں ایک پادری (جان) نے کیا تھا

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

رول نمبر: ________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: مقارنۃ الادیان

تاریخ: 15-02-2024 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: ________

مرکز امتحان: ________ دستخط نگران مرکز امتحان: ________ دستخط ممتحن: ________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: مذہب کا لغوی معنی ہے۔

(الف) جانا (ب) گزرنا (ج) راستہ (د) یہ تینوں

سوال نمبر2: مذہب کے بنیادی عناصر ہیں۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر3: ادیان ومذہب کو تقسیم کیا جاتا ہے۔

(الف) دو بڑی قسموں میں (ب) تین بڑی قسموں میں (ج) چار بڑی قسموں میں (د) پانچ بڑی قسموں میں

سوال نمبر4: غیر الہامی مذاہب ہیں۔

(الف) ہندومت (ب) بدھ مت (ج) زرتشت (د) یہ تمام

سوال نمبر5: اہل تشیع کی شاخیں ہیں۔

(الف)4 (ب)6 (ج)8 (د)10

سوال نمبر6: خوارج کی شاخیں ہیں۔

(الف)7 (ب)8 (ج)9 (د)10

سوال نمبر7: کون بار بار یہ نعرہ لگایا کرتے تھے "لَا حُکْمَ اِلَّا لِلّٰہِ"

(الف) حروریہ (ب) ناصبی (ج) اباضیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر8: تالمود کتاب ہے۔

(الف) یہودیت کی (ب) عیسائیت کی (ج) زرتشت کی (د) کسی کی نہیں

سوال نمبر9: اسرائیل کتنے قبائل پر مشتمل تھے؟

(الف)10 (ب)12 (ج)14 (د)20

سوال نمبر10: اقوام متحدہ نے 1945ء میں فلسطین کو تقسیم کیا۔۔۔ حصوں میں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر11: حضرت موسیٰ (علیہ السلام) پر وحی نازل ہوئی، اس کی اقسام ہیں۔

(الف)4 (ب)2 (ج)3 (د)1

سوال نمبر12: تورات لفظ ہے۔

(الف) عبرانی (ب) سریانی (ج) عربی (د) ہندی

سوال نمبر13: نویم(Nevi'im) کتابوں کا مجموعہ ہیں۔

(الف)20 (ب)21 (ج)18 (د)22



CamScanner

سوال نمبر14: عمومی طور پر سامری۔۔۔ فرقوں میں تقسیم ہو گئے۔

(الف)3 (ب)2 (ج)4 (د)5

سوال نمبر15: مشناء میں ابواب ہیں۔

(الف)8 (ب)7 (ج)9 (د)10

سوال نمبر16: عید الفصح۔۔۔ کی عید ہے۔

(الف) عیسائیوں (ب) یہودیوں (ج) ہندوؤں (د) سکھوں

سوال نمبر17: یوم سکوت تہوار ہے۔

(الف) عیسائیوں کا (ب) یہودیوں کا (ج) ہندوں کا (د) خارجیوں کا

سوال نمبر18: مؤساف نماز ہے۔

(الف) یہودیوں کی (ب) عیسائیوں کی (ج) ایرانیوں کی (د) رومیوں کی

سوال نمبر19: "آیا صوفیا" کلیسا کی تعمیر میں کتنے معماروں نے حصہ لیا؟

(الف)10000 (ب)2000 (ج)5000 (د)1000

سوال نمبر20: مشرقی کلیسا کہلائے۔

(الف) آرتھوڈکس (ب) کیتھولک (ج) بطریرک (د) پوپ

سوال نمبر21: منگولی مذاہب میں ہیں۔

(الف) جین مت (ب) پارسی (ج) زرتشت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: ہندومت ہے۔

(الف) سامی مذاہب سے (ب) منگولی مذاہب سے (ج) آریائی مذاہب سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: انجیل مرقس کا مؤلف تھا۔

(الف) عیسائی (ب) یہودی (ج) مسلم (د) ملحد

سوال نمبر24: بپتسمہ کا لغوی معنی ہے۔

(الف) پانی سے دھونا (ب) دودھ سے دھونا (ج) زعفرانی پانی سے دھونا (د) یہ تمام

سوال نمبر25: حج ہر صاحب استطاعت مسلمان پر فرض ہے۔

(الف) ہر سال (ب) 5 سال بعد (ج) زندگی میں ایک بار (د) ان میں سے کوئی نہیں

CamScanner

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: مقارنۃ الادیان

تاریخ: 15-02-2024 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مذہب کا اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: رسم کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: تقابل ادیان سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: حضرت محمد ﷺ کے بیٹے کتنے ہیں؟ اور ان کے اسماء بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: یہودی کو یہودی کہنے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: قرائین کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 7: مشناء کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: موساف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: عیسائیت کے مکتب فکر پروٹسٹنٹ کا مقصد کیا تھا؟

سوال نمبر 10: چار انجیل کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: تریمورتی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 12: تناسخ / آواگون کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 13: "نیوگ" کیا ہے؟

سوال نمبر 14: بدھ مت کے تین مشہور تہواروں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: سکھوں میں 5 فرقے ہیں کوئی سے تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: سکھ کون سے جانور کا گوشت کھاتے ہیں؟

سوال نمبر 17: لاادریت (Agnosticism) کس فکر کے حامل لوگ ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 18: ڈارون کا نظریہ ارتقاء بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: دہریت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: مزدکیہ فرقے کا نور کے بارے میں عقیدہ بیان کیجئے۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: یہودیوں کے تہواروں پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: صابئین علماء کے چھ مراتب پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: کنفوشسس ازم کی مذہبی کتابوں پر نوٹ تحریر کیجئے کہ جس میں کتابوں کا تعارف ذکر کیا جائے۔

سوال نمبر 4: بدھ مت میں "کامیابی کے آٹھ اصولوں" میں سے پانچ پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: عقائد اسلامیہ پر نوٹ تحریر کیجئے۔



CamScanner

(4)

2024

# مختصر سوالات

(1)

مذہب وہ راستہ ہے جس پر چل کر عبادت اور احکامات کو پورا کیا جائے ائمہ اسلام کی اصطلاح میں لفظ مذہب رائے یا مسلک کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے

(2)

رسم کے معنی ریت رواج دستور اور قاعدے کے ہیں یعنی کسی مذہب کے ماننے والا کی پیدائش بچپن جوانی شادی زندگی و موت کے متعلق ایک دستور اور قاعدوں کو رسم کہتے ہیں

(3)

اس سے مراد دنیا کے مختلف مشہور مذاہب و ادیان کا غیر جانبدارانہ مقابلہ اور ان کے اصول و عقائد اور عبادات و رسوم کا غیر متعصبانہ مطالعہ ہے تاکہ ہر ایک کی قدر قیمت اور اس کے مسائل کا حسن و قبح معلوم کیا جا سکے۔

(4)

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تین (3) بیٹے ہیں

(i) حضرت قاسم (ii) حضرت ابراہیم (iii) حضرت عبداللہ

(5)

عہد نامہ عتیق کے مطابق یہودی مذہب حضرت یعقوب علیہ السلام کے بڑے بیٹے یہودا کے نام سے مشہور ہے اسی وجہ سے ان کا مذہب یہودیت مشہور ہو گیا

(6)

یہ یہودیوں کی بہت تھوڑی جماعت ہے فریسیوں کے حالات خراب ہونے کے بعد یہ لوگ ظاہر ہوئے اور اپنے بزرگوں کے وارث بنے یہ صرف عہد قدیم کو مانتے ہیں دیگر کو نہیں مانتے کیونکہ ان کا کہنا ہے کہ وہ تورات کی تشریح کرنے میں آزاد ہے

(7)

فلسطینی علماء نے جس زبانی شریعت کو ایک کتاب میں جمع کیا اس کا نام مشناہ رکھا گیا اس میں سات ابواب ہیں جن میں زراعت تہوار عورت معاوضہ وقف قربانی اور طہارت کے موضوعات شامل ہیں

(8)

ہفتے کے دن اور سال بھر کے تمام ایام مقدسہ پر یہودیوں کے راسخ العقیدہ فرقے اور رجعت پسند یہودی ایک اضافی نماز ادا کرتے ہیں جسے موساف کہتے ہیں

(9)

اس کا معنی احتجاج کرنا ہے اس فرقے کا مقصد کیتھولک چرچ کی بدعنوانیوں اور مغفرت ناموں کی تجارت کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنا تھا اسی لیے ان کو پروٹسٹنٹ کہا جانے لگا ان کا کہنا ہے کہ ہر عیسائی کو انجیل سمجھنے کا حق ہے نہ کہ صرف پادریوں کو اور نہ ہی راہب بننے کی کوئی ضرورت ہے

(10)

چار انجیل درج ذیل ہیں

(i) انجیل متّی

(ii) انجیل مرقس

(iii) انجیل لوقا (iv) انجیل یوحنا

(11)

آریائی ہندو اولاً ایک خدا پر ایمان رکھتے تھے اور اسی کی پوجا کرتے تھے جس کو ایشور کہا جاتا تھا بعد ازیں ہندوؤں نے تثلیث کا عقیدہ اپنا لیا کہ تین خدا ہیں جو بڑے ہیں باقی سب ان کے ماتحت ہیں ان کے اس عقیدہ کو تری مورتی کہتے ہیں

(12)

عقیدہ تناسخ/آواگون کی حقیقت کو یوں بتایا جاتا ہے کہ مرنے کے بعد اگرچہ جسم فنا ہو جاتا ہے لیکن روح باقی رہتی ہے وہ اچھے برے اعمال کی جزا اور سزا کے لیے دوسرے اجسام کے لباس میں دنیا میں آتی ہے اچھے اعمال سے طاقت ور حکمت مند اور خوبصورت شکل میں یہ سلسلہ چلتا ہے اور برے اعمال میں حیوانات نباتات میں چلتا ہے

(13)

ہندو مذہب میں شادی کے علاوہ ایک اور بھی عقد جائز مانا جاتا ہے کہ اگر شوہر اولاد پیدا کرنے کا قابل نہ ہو تو بیوی شوہر کی موجودگی میں کسی دوسرے مرد سے نکاح کرے گی اس سے پیدا ہونے والی اولاد پہلا شوہر کی اولاد ہی سمجھی جاتی ہے اسے نیوگ کہتے ہیں

(14)

بدھ مت کے تین تہوار درج ذیل ہیں

(i) ویساکھ (ii) کٹھنا پوجا (iii) اسہرا پوجا

(15)

سکھوں کے تین فرقوں کا نام درج ذیل ہیں

(i) اداسی فرقہ

(ii) اکالی فرقہ

(iii) مزہبی فرقہ

(iv) رام داسی فرقہ

CamScanner

(16)

مسلم ذبح کیے ہوئے جانور کا گوشت ہیں کھاتے مگر وہ جانور جس کو ایک ہی وار میں مار دیا جائے اس کا گوشت کھاتے ہیں

(17)

لاادریت کا حامل لوگ خدا کے وجود کی بحث میں الجھنے سے گریز کرتے ہیں اس سے مراد وہ لوگ جن کی دلچسپی اپنی ذات ہوتی ہے اور وہ باقی دوسری بحثوں میں الجھنے سے گریز کرتے ہیں

(18)

نظریہ ارتقاء کا مطلب یہ تھا کہ بے جان مخلوق سے خود بخود ایک جاندار خلیہ پیدا ہوا جو لاکھوں سالوں میں ارتقاء کے عمل سے گزر کر ابتدائی درجے کا جانور بنا اور پھر کروڑوں سالوں میں آہستہ آہستہ انسان بن گیا اس کے بعد ملحد لوگ باِاعلان مذہب سے بیزار ہوگئے

(19)

دہر عربی لفظ ہے جس کا معنی زمانہ ہے دہریہ اس شخص کو کہتے ہیں جو زمانے کو تو مانتا ہے لیکن اس کے خالق کو نہیں مانتا یہ کوئی نئی ایجاد نہیں بلکہ بہت پرانی ہے بلکہ نزول قرآن کے وقت بھی یہ فرقہ موجود تھا

(20)

مزدکیہ فرقے کا کہنا ہے کہ نور اپنے اختیار سے کام کرتا ہے لیکن ظلمت محض اتفاقیہ کام دکھاتی ہے

سوال نمبر 12: کن صفات کو قرآن پاک میں یہودیوں کا شیوہ قرار دیا گیا ہے؟

(الف) تحریف (ب) گمراہی (ج) سرقہ (د) ان میں سے کوئی نہیں۔

سوال نمبر 13: دنیا کی کتنی فیصد آبادی کسی نہ کسی مذہب سے وابستہ ہیں؟

(الف) 70 (ب) 75 (ج) 80 (د) 85

سوال نمبر 14: ایمان کی شاخیں جن پر اعتقاد ضروری ہے، عام طور پر ان میں کتنے اجزا کا ذکر کیا جاتا ہے؟

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 15: جنات کی عمریں کتنی ہوتی ہیں؟

(الف) مختصر (ب) طویل (ج) انسانوں کی مثل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 16: اسلام کے بنیادی ارکان کتنے ہیں؟

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 17: اسلام میں کس دن کو تمام دنوں پر فضیلت دی گئی ہے؟

(الف) جمعہ (ب) پیر (ج) ہفتہ (د) جمعرات

سوال نمبر 18: اسلام کے مشہور فرقے کتنے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 19: یہ کس فرقے کا عقیدہ ہے کہ اللہ نے مخلوق کا انتظام اماموں کے سپرد کر دیا ہے؟

(الف) زیدیہ (ب) بذیعیہ (ج) شریعیہ (د) مفوضیہ

سوال نمبر 20: "پریچنگ آف اسلام" کس کی کتاب ہے؟

(الف) موسیو سیدلو فرانسیسی (ب) پروفیسر ٹی ڈبلیو آرنلڈ (ج) مسٹر ای ڈی ماریل (د) جان جاک ولیک

سوال نمبر 21: وید کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 22: زرتشت کس مذہب کا بانی تھا؟

(الف) مجوسیت (ب) بدھ مت (ج) ہندومت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 23: گوسپلز کسے کہتے ہیں؟

(الف) وید کو (ب) انجیلوں کو (ج) مجوسیوں کی مذہبی کتب کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 24: اسلام نے ہر اس جانور کا گوشت منع کیا ہے جس کا گوشت ---------

(الف) مضر صحت ہو (ب) بدذائقہ ہو (ج) نادر ہو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 25: قدیم زمانے میں لوگ کم درجہ حرارت پر اپنے فوت شدہ اعزہ کو دفن کر دیتے تاکہ مستقبل میں کوئی طریقہ دریافت ہو تو ان کو زندہ کر سکیں۔ اس طریقے کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) اسپرنگ آفرنگ (ب) کریانوکس (ج) ایکوامیشن (د) ان میں سے کوئی نہیں

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ______________

درجہ: عالمیہ سال اول     پرچہ: چھٹا     مضمون: مقارنۃ الأدیان+أصول التحقیق

جوابی کاپی نمبر: ______________

تاریخ: 02-03-2023     دن: جمعرات     کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ     کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: یونیورسٹی مقالہ کے لیے محقق آرتھر کول کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: ایک علمی تحقیق کو کن کن خصوصیات کا حامل ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 3: تحقیق کے دائرہ کار میں کتنی وسعت ہے؟

سوال نمبر 4: لائبریری، میدانی تحقیق کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: تقییمی تحقیق کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: تحقیق کے بنیادی عناصر کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: محقق کو اپنی تحقیق کو تناقض و تعارض سے محفوظ رکھنے کے لیے کن قوانین سے آگاہی حاصل کرنی چاہیے؟

سوال نمبر 8: لائبریری میں موجود کتب کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟ نیز کوئی سی چار اقسام کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: لائبریری سے کتاب تلاش کرنے کے کون کونسے طریقے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 10: مقالہ نگاری کے مراحل کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: لفظ دین کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 12: بائبل کے ناقابل عمل احکام کی تین مثالیں تحریر کریں۔

سوال نمبر 13: تورات میں ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کس انداز میں وارد ہوا ہے؟

سوال نمبر 14: انجیل یوحنا کا تعارف بیان کریں۔

سوال نمبر 15: ہندوؤں کی دھارمک کتابوں کی اقسام کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 16: بیساکھی کا تعارف لکھیں نیز یہ بتائیں کے یہ تہوار سکھوں کے ہاں کیوں اہم ہے؟

سوال نمبر 17: : " گرو گرنت صاحب" کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: یہودیوں کے سات فرقوں کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 19: آروت مارو کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: زرتشت مذہب میں یزداں کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: معیار کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام تفصیلا قلمبند کریں۔

سوال نمبر 2: محقق کی خصوصیات پر تفصیلی جامع نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: (الف) کتاب کے کتنے اور کون کونسے اجزاء ہوتے ہیں؟ صرف نام تحریر کریں۔

(ب) اسلام میں رسم و رواج کے جائز و ناجائز ہونے کا اصول مع امثلہ بیان کریں۔

سوال نمبر 4: محاسن اسلام پر جامع نوٹ تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر 5: بدھ مت مذہب کے عقائد و نظریات پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں۔



CamScanner

(11)

دین کے لغوی معنی راستہ عقیدہ ہے

صحیح بخاری میں دین کی تعریف یوں بیان کی گئی ہے کہ دین خیر اور شر کی جزاء کا نام ہے اور ایک انسان کا دوسرے انسان یا مخلوق کا خالق کے ساتھ رابطہ کو بھی دین کہا جاتا ہے

(12)

(i) ہر انسان پیدائشی طور پر گناہ گار ہے کیونکہ حضرت آدم اور حضرت حوا کی لغزش فطرتاً ہر انسان میں موجود ہے

(ii) خاوند اپنی بیوی کو سوائے بدکاری کے کسی اور وجہ سے طلاق نہیں دے سکتا اگر دے گا تو زنا کروانے کا مجرم ٹھہرے گا

(iii) عیسائیت رہبانیت پر مبنی ہے اور رہبانیت ایک غیر فطری عمل ہے اسلام رہبانیت کو ناپسند کرتا ہے

(13)

تورات میں صراحتاً تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر نہیں ہوا بلکہ کنایتاً کافی بار ذکر ہوا اور وہ اہل کتاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے جانتے تھے جیسے اپنی اولاد کو جانتے تھے

(14)

اس انجیل کا مؤلف بہت زیادہ مختلف فیہ ہے بعض کے نزدیک ایک حواری یوحنا بن زبدی صیاد ہے بعض کے نزدیک ایک طالب علم نے کتاب لکھی بعض کے نزدیک (500) علمائے نصاریٰ اس کی تالیف میں شریک ہوئے یہ انجیل ہے جو الوہیت مسیح کو صراحت سے بیان کرتی ہے

(15)

ہندوؤں کی کتابوں کو دو قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے

(i) سرتی :- اس میں چار وید ہیں

(ii) سمرتی :- اس میں سوتر مہابھارت رامائن وغیرہ شامل ہیں

(16)

بہار کا میلہ جو کہ بیساکھ میں (13) اپریل کو منایا جاتا ہے
بیساکھی وے شاکھ سے بنا ہے پنجاب اور ہریانہ کے کسان موسم
سرما کی فصل کاٹ لینے کے بعد نئے سال کی خوشی میں مناتے ہیں
اس لیے سکھوں کے ہاں یہ سب سے بڑا تہوار ہے جو فصل پکنے کی خوشی میں منایا جاتا ہے

(17)

گرو گرنتھ صاحب سکھوں کی مذہبی کتاب ہے جس میں گرو نانک
نے نظمیں اور مناجاتیں چھوڑی تھیں جس کو سکھوں نے محفوظ کر لیا تھا

(18)

(i) فریسی/آرتھوڈوکس (ii) صدوقی (iii) متعصبین

(iv) قرائین (v) سامری

(vi) سبائیہ (vii) ریفارمسٹ

(19)

یہودی دن میں تین نمازیں ادا کرتے ہیں ان کی تیسری نماز کو
آرویت اور معارو کہتے ہیں

(20)

زرتشت نے اپنی تعلیمات میں خدائے واحد کا تصور نہیں بلکہ
دو خداؤں کا تصور دیا ہے ایک خیر کا خدا دوسرا شر کا
خدا خیر کے خدا کو اہورامزدا کہتے ہیں اور اسی
خیر کے خدا کو یعنی اہورامزدا کو یزداں بھی کہتے ہیں